SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

For immediate release
July 01, 2021

## ایس ایس سی پی نے پہلے شریعہ کمپلائنٹ ریٹ سکیم کی منظوری دے دی

اسلام آباد (یکم جولائی) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے پاکستان کے پہلے شریعہ کمپلائنٹ ریٹ (رئیل اسٹیٹ انوسٹمنٹ ٹرسٹ) اسکیم کی منظوری دے دی ہے۔ نئی رئیٹ اسکیم کی منظوری حال ہی میں تشکیل دیئے گئے نئے رئیٹ ریگولیٹری فریم ورک کے تحت دی گئی۔

ایس ای سی پی نے حال ہی میں رئل اسٹیٹ سیکٹر کے تمام شراکت داروں کے ساتھ مشاورت کے رئل اسٹیٹ انوسٹمنٹ ٹرسٹ ریگولیشنز میں ترامیم متعارف کروائیں۔ ریٹ کا شعبہ 2008 میں متعارف کیا گیا لیکن 2015 میں چند ترامیم کے بعد صرف ایک رینٹل ریٹ اسکیم ہی متعارف ہو سکی۔ اس شعبے کو متحرک کرنے کے لئے ایس ای سی پی نے رئیٹ ریگولیشنز میں اہم ترامیم متعارف کرکے ریگولیٹری فریم ورک کو سہل اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کر دیا ہے۔

ایس ای سی پی کی جانب سے منظور کی گئی یہ شریعہ کمپلائنٹ ریٹ اسکیم کراچی میں رئل اسٹیٹ کو ڈیولیپ کرے گی اور اپارٹمنٹ اور کمرشل یونٹ تیار کرکے یونٹ ہولڈروں کو منافع تقسیم کرے گی۔ ریٹ سکیم کی رجسٹریشن اور یونٹوں کے اجراء کی منظوری کے تحت نجی شعبے میں قائم شریعہ کمپلائنٹ ریٹ سکیم یونٹوں کی پیش کش کے عوض فنڈز اکٹھا کرے گی اور رئیل اسٹیٹ کی اسکیم ڈویلپ کرے گی۔ رئیل اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ کے شعبہ میں بہتری سے رئیل سٹیٹ کی بہتر ڈاکیومینٹیشن، فارمولائزیشن، گورننس، شفافیت اور سرمایہ کاروں کو تحفظ ملے گا اور چھوٹے سرمایہ کار بھی رئیل سٹیٹ سیکٹر میں ترقی سے فائدہ اٹھا سکیں گے۔